Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

الیکشن کمیشن کی جانب سے ضمنی انتخاب کے چند گھنٹوں کے اندر فارم 47 جاری کرنے پر پاکستان تحریک انصاف کا ردِعمل

8 فروری کے عام انتخابات کے بعد جو فارم 47 خلافِ قانون کئی روز تک جاری نہ ہوئے انکا ضمنی انتخاب کے چند گھنٹے بعد جاری ہونا نہایت حیرت انگیز ہے، ترجمان تحریک انصاف

حالیہ ضمنی انتخاب کے فارم 47 کے اجرا میں الیکشن کمیشن کی پھرتیاں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ یہ جعلی فارم دھونس اور دھاندلی کے ذریعے پہلے ہی تیار کیے جا چکے تھے، ترجمان تحریک انصاف

عام انتخابات کے بعد ضمنی انتخاب میں عوامی مینڈیٹ پر ڈالے گئے کھلے ڈاکے نے الیکشن کمیشن کے متعصبانہ، جانبدارانہ اور مجرمانہ کردار پر مہرِ تصدیق ثبت کردی ہے، ترجمان تحریک انصاف

ضمنی الیکشن میں پریزائڈنگ افسران اور پولنگ ایجنٹس کے اغوا کے بعد فارم 45 پر جبری دستخط کروائے جانے کے ٹھوس شواہد ریکارڈ پر موجود ہیں، ترجمان تحریک انصاف

مینڈیٹ چور جعلی وزیراعلیٰ پنجاب کی ایما پر بددیانت الیکشن کمیشن کی خصوصی سرپرستی میں ایک بار پھر عوام کے حق رائے دہی کو غصب کیا گیا، ترجمان تحریک انصاف

عوام کے ووٹ کی پامالی کے ذریعے جمہوریت پر ڈالے جانے والے کھلے ڈاکے میں مجرمانہ سہولتکاری کرنے پر الیکشن کمیشن سمیت تمام ذمہ داران کا محاسبہ کیا جائے، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان تحریک انصاف اس لاقانونیت کے خلاف اپنی آئینی جدوجہد عوام کے چوری شدہ مینڈیٹ کے حصول تک جاری رکھے گی، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ